کورس آپ کا تا حیات معمول رہا۔ عامۃ الناس کی رہنمائی کیلئے آپ نے قرآن مجید کا ترجمہ اور مختصر حواشی بھی تحریر کئے۔ معروف عالم دین مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب نے اپنے طالب علمی دور میں حضرت لاہوریؒ سے استفادہ کیا اور حضرت کی تقاریر کے نوٹس تیار کیے تھے۔ اب انہی نوٹس کو کتابی شکل میں معرض وجود میں لائے ہیں۔ یہ کتاب علم تفسیر کے اصول ومبادی قرآن مجید کی تفسیر اور جملہ معترضہ کے طور پر بیان کیے گئے علمائے دیوبند کے اور آخری پارہ کی چند سورتوں کے واقعات کا حسین امتزاج ہے۔ (تبصرہ: مولانا مشتاق احمد)

## جریدہ: ماہنامہ ''مسیحائی'' کراچی (''سیرت رسول ﷺ نمبر'')

مدیر: پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

قیمت: ۴۰ روپے/ضخامت: ۸۲ صفحات/ پتا: 4-3 حاجی ادریس مینشن، رتن تلاؤ عقب فریئر مارکیٹ، کراچی

رسول اکرم ﷺ کی ہسٹری کو پڑھو تو اوّل سے تابہ آخر
وہ آپ ثابت کرے گی اپنا عظیم ہونا عجیب ہونا

زیر نظر پرچہ میں سیرت رسول کریم ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ جو واقعی قابل داد ہے۔ اس الحادی و مادی دور میں، روح کی بالیدگی کی بات کرنا، بے شک معاشرے کے تقاضوں کو پورا کرنا ہے۔ پرچے کا آغاز حمد باری تعالیٰ سے کیا گیا ہے کہ

خدا کے نام پر قربان تم ساری نعم کردو
اور اختر اپنے قلب و جاں کو نذر حرم کردو

اور پھر نعت رسول مقبول ﷺ کہ ؎

پڑھتا ہے درود آپ ہی تجھ پر ترا خالق
تصویر پہ خود اپنی مصور بھی فدا ہے

اور ؎

ساحل سے لگے گا کبھی میرا بھی سفینہ
دیکھیں گے کبھی شوق سے مکہ و مدینہ

زیر بحث رسالہ میں سیرت رسول اکرم ﷺ، آپ کے معمولات، تعلیم وتربیت، سیرت طیبہ کی روشنی میں، اسوۂ حسنہ کی روشنی میں بچوں کی نگہداشت، حضور اکرم ﷺ اور احترام آدمیت کے موضوعات پر مشتمل خوبصورت تحریریں شامل کی گئی ہیں۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

**دفاعِ ختم نبوت:** کچھ واقعات، کچھ تذکرے، کچھ قصے اور کچھ حکایتیں یکجا ہوکر، اس کتاب کے پیکر میں ڈھل گئی ہیں۔ موضوع، عنوانِ کتاب سے ظاہر ہے۔ مؤلف، جناب طاہر عبدالرزاق ہیں۔ ان کے بقول..... ''یہ کتاب اُن عظیم لوگوں کی، عظیم زندگیوں کے عظیم نقوش پر مشتمل ہے، جنہوں نے اپنی زندگیاں دفاع ختم نبوت پر نچھاور کردیں۔ اسے پڑھیے کہ دفاع ختم